PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

بابر اعظم تمام طرز کی کرکٹ کے پانچ بہترین بلے بازوں میں شامل واحد کھلاڑی بن گئے

دنیا کے سب سے ہونہار بلے باز بابر اعظم نے آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ ٹیسٹ رینکنگ میں پانچویں پوزیشن حاصل کرلی ہے۔ تازہ ترین ٹیسٹ رینکنگ میں ایک درجہ ترقی پانے والے بابر اعظم اب دنیا کے وہ واحد کھلاڑی بن گئے ہیں جو تینوں فارمیٹ (ٹیسٹ، ایک روزہ اور ٹی ٹونٹی کرکٹ) کی عالمی درجہ بندی میں پانچ بہترین کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔

ساؤتھ ہمپٹن ٹیسٹ کے بعد جاری کردہ رینکنگ میں بابر اعظم نے آسٹریلیا کے ڈیوڈ وارنر سے پانچویں پوزیشن چھینی ہے اور اب ان کی نظریں چوتھی پوزیشن پر موجود نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن پر مرکوز ہیں۔

بابر اعظم، نیوزی لینڈ کے بلے باز سے 14 پوائنٹس پیچھے ہیں جبکہ تیسری پوزیشن پر براجمان آسٹریلیا کے لبوشین کا چوتھی پوزیشن سے 15 پوائنٹس کا فاصلہ ہے۔ اگر انگلینڈ کے خلاف جاری سیریز کی آخری 2 ٹیسٹ اننگز میں بابر اعظم نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا تو وہ تاحال 28 ٹیسٹ میچوں پر مشتمل اپنے مختصر کیریئر میں ممکنہ طور پر اپنے کیریئر کی سب سے بہترین رینکنگ حاصل کرسکتے ہیں۔

بیٹنگ ٹیبل پر آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ سب سے آگے ہیں جبکہ بھارت کے ویرات کوہلی دوسرے نمبر پر براجمان ہیں۔ اسٹیو اسمتھ، ویرات کوہلی، کین ولیمسن اور بابر اعظم کے علاوہ "فیب فائیو" میں شامل پانچویں بلے باز جوئے روٹ آئی سی سی رینکنگ میں نویں نمبر پر موجود ہیں۔

اسی طرح بابر اعظم ایک روزہ کرکٹ کی عالمی رینکنگ میں تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ بھارت کے ویرات کوہلی اور روہت شرما رینکنگ میں بالترتیب پہلی اور دوسری پوزیشن پر موجود ہیں۔

بابر اعظم، ٹی ٹونٹی کرکٹ کی عالمی رینکنگ میں پہلی پوزیشن پر براجمان ہیں۔ اس فہرست کی درجہ بندیوں میں شامل اگلے ناموں میں بھارت کے کے آر راہول، آسٹریلیا کے ایرون فنچ، نیوزی لینڈ کے کولن منرو اور گلین میکسویل شامل ہیں۔ ویرات کوہلی 10 ویں، کین ولیمسن 16 ویں، جوئے روٹ 34 ویں اور اسٹیو اسمتھ 52 ویں نمبر پر موجود ہیں۔

آئی سی سی کی تازہ ترین رینکنگ کے بعد، عابد علی اپنے کیریئر میں پہلی بار ٹاپ 50 میں آ گئے ہیں، وہ 49 نمبر پر موجود ہیں، جبکہ محمد رضوان طویل طرز کی کرکٹ کے بلے بازوں میں 75 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ دونوں بلے بازوں نے بارش سے متاثر دوسرے ٹیسٹ میچ میں نصف سنچریاں اسکور کی تھیں۔

باؤلنگ ٹیبل پر محمد عباس کی درجہ بدرجہ ترقی کا سلسلہ بھی جاری ہے، محمد عباس آٹھویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ تیسرے ٹیسٹ میں مزید چند وکٹیں محمد عباس کو آسٹریلیا کے ساتویں نمبر پر براجمان مچل اسٹارک سے پوزیشن چھیننے میں مدد دے سکتی ہیں۔

باؤلروں کی فہرست میں آسٹریلیا کے پیٹ کمنز سر فہرست ہیں۔ ان کے بعد انگلینڈ کے اسٹورٹ براڈ اور نیل وینگر شامل ہیں۔

آل راؤنڈرز کی فہرست میں، یاسر شاہ واحد پاکستانی ہیں جو 19 ویں پوزیشن پر موجود ہیں۔ انگلینڈ کے بین اسٹوکس، ویسٹ انڈیز کے جیسن ہولڈر اور بھارت کے رویندر جڈیجا نے پہلے تین مقامات پر قبضہ کر رکھا ہے۔

18 اگست کو جاری ہونے والی آئی سی سی ٹیسٹ پلئیرز رینکنگ یہاں موجود ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

pepsi easypaisa Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4